London Luton Airport

شور کی انسولیشن اسکیم

مقامی کمیونٹیز کے لیے معلومات

عام سوالات

Q میرے مقام کے لحاظ سے میرا خیال ہے کہ میں مطلوبہ حدود کے اندر آتا ہوں لیکن مجھ سے رابطہ نہیں کیا گیا، مجھے کیا کرنا چاہیے؟

اہل حدود میں موجود تمام اہل جائیدادوں سے براہ راست رابطہ کیا گیا ہے۔ LLACC شور کی انسولیشن ذیلی کمیٹی، انسولیشن کے لیے خصوصیات کا جائزہ لینے اور تعین کرنے کا عمل جاری رکھے ہوئے ہے۔ اگر آپ کو یقین ہے کہ آپ کی جائیداد حدود میں آتی ہے اور آپ سے رابطہ نہیں کیا گیا، تو براہ کرم نیچے دیے گئے رابطے کی تفصیلات کا استعمال کرتے ہوئے ہم سے رابطہ کریں تاکہ ہم آپ کی تفصیلات کا جائزہ لے سکیں۔

Q جائیداد میرے پاس کرایہ پر ہے، کیا مجھے انسولیشن مل سکتی ہے؟

صرف جائیداد کا مالک ہی انسولیشن قبول کر سکتا ہے۔ لہذا اگر آپ کی جائیداد منتخب کی گئی ہو، تو آپ کو معلومات جائیداد کے مالک کو منتقل کرنی ہوں گی۔

Q انسولیشن کی اقسام کون سی ہیں؟

اس اسکیم کے تحت ڈبل گلیزنگ، سیکنڈری گلیزنگ، وینٹی لیٹرز اور لوفٹ انسولیشنز کی تنصیب کی جا سکتی ہیں۔ سیکنڈری گلیزنگ جائیداد میں شور کو کم کرنے کے لیے جائیداد میں ایک اور تہہ شامل کرے گی۔

وینٹی لیٹرز کھڑکیاں کھولے بغیر تازہ ہوا کو عمارت کے اندر لائیں گے، اس طرح مزید شور کو عمارت کے اندر آنے سے روکا جا سکے گا۔

Q مجھے کیا توقع کرنی چاہیے کہ کام میں کتنا وقت لگے گا؟

مقرر کردہ ٹھیکیدار کے ساتھ ابتدائی ملاقات سے لے کر کام کی تکمیل تک زیادہ سے زیادہ 4 ماہ لگنے چاہیں (جائیداد کے مالک کی دستیابی سے مشروط)۔

Q اگر میری جائیداد میں نقصان ہوتا ہے تو کیا ہو گا؟

ہمارا ٹھیکیدار آپ کی جائیداد میں ہونے والے کسی بھی نقصان کو 'ٹھیک' کرے گا۔ تاہم، اگر ایسا ہوتا ہے تو آپ کو لندن لیوٹن ایئرپورٹ سے بھی رابطہ کرنا چاہیے تاکہ انہیں کسی بھی نقصان کی اطلاع دے سکیں۔

Q کیا میں اسکیم کے بارے میں کسی سے بات کر سکتا ہوں؟

LLA میں ہم آپ سے سننا پسند کریں گے، آپ ہم سے ای میل یا ٹیلیفون کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

ای میل: Noise.Insulation@ltn.aero

ٹیلیفون نمبر: 01582 395382

کاموں کا ٹائم ٹیبل

ہر سال شور کے خود مختار ماہرین شور کی حدود کی بنیاد پر اُن املاک کا تعین کریں گے جو اہل ہوں گی۔

لندن لیوٹن ایئرپورٹ مشاورتی کمیٹی (LLACC) کی نوائز انسولیشن ذیلی کمیٹی ہر سال انسولیشن کے لیے املاک کا ترجیح کے لحاظ سے تعین کرے گی۔

لندن لیوٹن ایئرپورٹ ہر سال شور کی انسولیشن کے لیے منتخب کردہ اہل جائیدادوں کے مالکان سے براہ راست رابطہ کرے گا۔

انسولیشن کی پیشکش قبول کرنے کے خواہاں جائیداد کے مالکان کو یہ 30 دن کے اندر کرنا ہو گا۔
متبادل طور پر، جائیداد کے جو بھی مالکان انسولیشن سے انکار کرنا چاہتے ہوں، انہیں یہ بات تحریری طور پر LLA کو جمع کروانی ہو گی۔ تاہم، جائیداد کے اسے مالکان سے 5 سال بعد دوبارہ رابطہ کیا جائے گا۔

اگر مالک انسولیشن قبول کرتا ہے تو ہمارا ٹھیکیدار جائیداد کے مالک کے ساتھ سروے کے لیے ایک ملاقات کا انتظام کرے گا۔

ایک بار LLA کی منظوری مل جانے کے بعد، کام جائیداد کے مالک کے لیے مناسب وقت پر شروع کیا جائے گا۔

باتھ روم، کچن، ہال، سیڑھیاں اور کنزرویٹریز انسولیشن کے لیے اہل نہیں ہیں۔

اہل جائیدادیں


یہ اسکیم رہائشی اور غیر رہائشی دونوں جائیدادوں کا احاطہ کرتی ہے۔ جائیداد میں موجود کسی بھی موجودہ انسولیشن کی بنیاد پر، ڈبل گلیزنگ، سیکنڈری گلیزنگ، وینٹیلیشن یونٹس اور لوفٹ انسولیشن فراہم کی جا سکتی ہے۔ انسولیشن کے لیے اہل کمرے میں رہنے کے کمرے، کھانے کے کمرے، باورچی خانہ-ڈائننگ روم اور بیڈروم شامل ہیں۔ اس اسکیم میں شامل نہ ہونے والے کمرے میں باورچی خانے، باتھ روم، کنزرویٹریز، سیڑھیاں، ہال اور لینڈنگز شامل ہیں۔

شور کی حد

نیچے دی گئی شور کی حدود اُن علاقوں کی نشاندہی کرتی ہیں، جو شور کی مخصوص سطحوں کے اثر میں ہیں۔ غیر رہائشی اور رہائشی، دونوں اقسام کی جائیدادیں جو اس حد کے اندر ہیں شور کی انسولیشن کے لیے اہل ہیں۔

شور کی حد موسم کے نقشہ کی طرح ہوتی ہے۔ بالکل جیسے موسم کے نقشے میں آئسو بارز برابر ہوا کے دباؤ والے نقاط کو جوڑتے ہیں، اسی طرح شور کی حدود بھی اُن نقاط کو جوڑتی ہیں جن پر شور کی سطح ایک جیسی ہوتی ہے۔

شور کی حد 2023 کی متوقع شور کی سطح پر مبنی ہے جو 2028 تک برقرار رہے گی؛ اس سے یہ یقینی بنایا جا سکتا ہے کہ زیادہ متاثر ہونے والے افراد کی مناسب طور پر دادرسی کی جائے۔



© کراؤن کاپی رائیٹ۔ تمام حقوق محفوظ ہیں۔ لندن لیوٹن ایئرپورٹ، او۔ایس۔ لائسنس نمبر 0000650804



عزیز ہمسائے،

لندن لیوٹن ایئرپورٹ (LLA) میں ہم تسلیم کرتے ہیں کہ ہماری سرگرمیاں قریبی کمیونٹیز کو متاثر کر سکتی ہیں اور ہم مقامی لوگوں اور کاروباروں، دونوں کے لیے ایک اچھے ہمسائے بننے کی کوشش کرتے ہیں، اسی لیے ہم ہوائی جہاز کے شور کو اپنی ترجیحات میں ہمیشہ اعلیٰ مقام دیتے آئندہ برسوں میں ہمارے ترقیاتی پروگرام کو جاری رکھنے کے ساتھ، ہماری سرگرمیوں سے پیدا ہونے والے شور کے اثرات کو احتیاط سے ان اہم سماجی اور معاشی فوائد کے ساتھ متوازن رکھا جائے گا جو یہ ایئرپورٹ علاقے کو فراہم کرتا ہے۔ اس کا ایک حصہ یہ ہے کہ ہم شور سے متعلق موضوعات پر اپنی مقامی کمیونٹی کے ساتھ فعال طور پر مشغول ہونے کے لیے پُرعزم ہیں۔

ہماری مقامی کمیونٹیز کے لیے شور کو کم کرنے کے اقدامات میں سے ایک ہمارا **شور کی انسولیشن اسکیم ہے۔** شور کے ایک خودمختار تجزیہ کار اور ہماری لندن لیوٹن ایئرپورٹ مشاورتی کمیٹی (LLACC) کی نوائز انسولیشن ذیلی کمیٹی کے ساتھ مل کر، ہم ہر سال اہل جائیدادوں کو انسولیشن کی پیشکش کریں گے۔

ہم نے یہ پمفلٹ اس لیے تیار کیا ہے تاکہ LLA نوائز انسولیشن اسکیم کا ایک خلاصہ فراہم کیا جا سکے اور اہلیت کے بارے میں مزید معلومات دی جا سکیں، ساتھ ہی کچھ کثرت سے پوچھے جانے والے سوالات کے جوابات بھی شامل کیے گئے ہیں۔

نیل تھامسن
چیف آپریشنز آفیسر

